11 مارچ 2014ء

پاکستانی ورکرز کی ترسیلات زر میں 11 فیصد اضافہ،
مالی سال 14ء کے پہلے آٹھ مہینوں میں 10.2 ارب ڈالر بھیجے گئے

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے رواں مالی سال 14-2013ء (م س 14ء) کے پہلے آٹھ مہینوں (جولائی تا فروری) میں 10,245.53 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن بھیجی گئیں جو 10.95 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی فروری م س 14ء) میں 9,234.77 ملین ڈالر بھیجے گئے تھے۔

جولائی تا فروری مالی سال 14ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان) اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 2,965.74 ملین ڈالر، 2,026.92 ملین ڈالر، 1,626.09 ملین ڈالر، 1,465.75 ملین ڈالر، 1,193.70 ملین ڈالر اور 284.01 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ جولائی تا فروری مالی سال 13ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 2,627.78 ملین ڈالر، 1865.72 ملین ڈالر، 1461.13 ملین ڈالر، 1284.75 ملین ڈالر، 1,067.50 ملین ڈالر اور 242.61 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے پہلے آٹھ مہینوں (جولائی تا فروری م س 14ء) کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 683.32 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں جبکہ پچھلے مالی سال کے پہلے آٹھ ماہ (جولائی تا فروری م س 13ء) کے دوران ان ممالک سے 685.18 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔

فروری 2014ء میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی ممالک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے ممالک سے بالترتیب 368.73 ملین ڈالر، 240.37 ملین ڈالر، 184.59 ملین ڈالر، 156.23 ملین ڈالر، 144.92 ملین ڈالر اور 32.79 ملین ڈالر کی ترسیلات زر وطن آئیں جبکہ فروری 2013ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 335.76 ملین ڈالر، 196.36 ملین ڈالر، 137.13 ملین ڈالر، 129.40 ملین ڈالر، 125.67 ملین ڈالر اور 24.72 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے آٹھویں مہینے فروری م س 14ء کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ممالک سے 81.91 ملین ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں۔

☆☆☆